[5]

سوال نمبر 25: درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب دیجئے۔

اکبر بادشاہ کی وفات کے بعد اس کا لڑکا سلیم جہاں گیر کے نام سے سن 1605ء میں تخت نشین ہوا اس کا زمانہ مغلیہ سلطنت کا شاندار زمانہ تھا۔ وہ ایک رحم دل شخص تھا۔ جہاں گیر کی انصاف پروری تاریخ ہند میں مشہور ہے۔ اس کے محل کے باہر اس کے انصاف کی زنجیر ویزان تھی جس کو معمولی سے معمولی شخص بھی استعمال کر سکتا تھا۔ اس کو فنونِ لطیفہ سے خاصہ لگاؤ تھا۔ جہاں گیر کی شادی مرزا غیاث اللہ النساء کی لڑکی نور جہاں سے ہوئی تھی۔ جہاں گیر اپنی سلطنت کا تمام کام اسی کے سپرد کر دیا تھا۔ اسی عہد میں سکّوں اور شاہی فرمانوں پر نور جہاں کا نام لکھا ہوتا تھا۔

سوالات: (i) جہاں گیر کس سن میں تخت نشین ہوا؟

(ii) کس بادشاہ کی انصاف پروری تاریخ ہند میں مشہور تھی؟

(iii) جہاں گیر کو کس سے خاصہ لگاؤ تھا؟

(iv) سکّوں اور شاہی فرمانوں پر کس کا نام لکھا ہوتا تھا؟

(v) درج بالا عبارت کا مناسب عنوان تحریر کیجئے۔

-----------xx-----------



mpcareer.in

[2] سوال نمبر19: مولانا ابوالکلام آزاد کے خطوط کے مجموعوں کے نام لکھئے۔

"یا"

اردو میں ناول نگاری کی ابتدا کس کے ہاتھوں ہوئی؟

[4] سوال نمبر20: پریم چند کے مشہور ناولوں کے نام لکھئے۔

"یا"

الطاف حسین حالؔی کی تصانیف کے نام لکھئے۔

[4] سوال نمبر21: کہاوت کی تعریف مع مثال کے لکھئے۔

"یا"

تجاہل عارفانہ کی تعریف مع مثال کے لکھئے۔

[5] سوال نمبر22: درج ذیل الفاظ میں سے سابقے اور لاحقے الگ الگ کر کے لکھئے (کوئی پانچ)

پُر تکلف۔ خدمت گار۔ بے شرم۔ لاعلم۔ عبادت گاہ۔ نامہ بر۔

"یا"

درج ذیل الفاظ کے واحد جمع لکھئے۔ (کوئی پانچ)

حرکت۔ قبر۔ اشجار۔ اطراف۔ مواقع۔ مشکل۔ تاریخ۔

[5] سوال نمبر23: اپنے اسکول کے پرنسپل کو ٹی۔ سی۔ نکلوانے کی درخواست لکھئے۔

"یا"

اپنے والد کو اپنے امتحان کی تیاری کے بارے میں ایک خط لکھئے۔

[10] سوال نمبر24: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔

(i) کمپیوٹر کی کارگذاریاں

(ii) ماحول کی آلودگی

(iii) پسندیدہ شاعر

(iv) قومی رہنما

(v) ہماری زندگی میں تعلیم کی اہمیت



mpcareer.in

سوال نمبر13: درج ذیل شعراء میں سے کسی ایک شاعر کی زندگی کے حالات لکھیے [4]

(i) ولی گجراتی (ii) الطاف حسین حالی (iii) محسن کانپوری

سوال نمبر14: "قصیدہ" یا "نظم" میں سے کسی ایک صنف پر مختصر تعارفی نوٹ لکھیے۔ [4]

سوال نمبر15: درج ذیل بند میں سے کوئی ایک بند کی تشریح شاعر کا نام اور عنوان کے ساتھ کیجیے۔ [4]

(الف)

یہ ہیں ترک تعلیم کی سب سزائیں — وہ کاش اب بھی غفلت سے اپنی باز آئیں
مبادا رہِ عافیت پھر نہ پائیں — کہ ہیں بے پناہ آنے والی بلائیں۔
ہوا بڑھتی جاتی سرِ راہ گذر ہے
چراغوں کو فانوس بن اب خطر ہے

"یا"

(ب)

خبر اڑتی ہوئی آئی ہے مہابن میں ابھی — کہ چلے آتے ہیں تیرتھ کو، ہوا پر بادل
کالے کوسوں نظر آتی ہیں گھٹائیں کالی — ہند کیا، ساری خدائی میں بتوں کا ہے عمل
نہ کھلا، آٹھ پہر میں کبھی دو چار گھڑی — پندرہ روز ہوئے پانی کو، منگل منگل

سوال نمبر16: میراجی کے مجموعوں کے نام لکھیے۔ [2]

"یا"

کون سی چیز شاعر کے سینے کا غبار کھوتی ہے؟

سوال نمبر17: جوگی کا بھیس کس نے بنا رکھا ہے؟ [2]

"یا"

انگریزوں نے بہادر شاہ ظفر کو بطور سیاسی قیدی کہاں بھیج دیا تھا؟

سوال نمبر18: شاعر میراجی نے زندگی کو کس شے سے تعبیر کیا ہے؟ [2]

"یا"

غریبوں کا خون کون چوستا ہے؟

mpcareer.in

میاں آزاد کمان تیر کی طرح چل کھڑے ہوئے اور سیدھے ریل کے اسٹیشن پر پہنچے۔ لگے پلیٹ فارم پر چہل قدمی کرنے اتنے میں دیکھتے کیا ہیں کہ اغل بغل مشعل دستی روشن، اِدھر اُدھر مصاحبین، رفقاء، خوشامد خورے، لیمو نچوڑ، بیچ میں ایک امیر کبیر، رئیس ابن رئیس بڑے ٹھسّے سے آرہے ہیں "ہٹو بچو" دور باش، باادب" کی آواز بلند ہے۔

سوالات: (i) مندرجہ بالا اقتباس کے سبق اور مصنف کا نام لکھئے۔

(ii) میاں آزاد کہاں چہل قدمی کررہے تھے؟

(iii) درج بالا اقتباس کی سلیس اردو کیجئے۔

"یا"

(ب)

برسات کا حال نہ پوچھو خدا کا قہر۔ قاسم خاں کی گلی سعادت خاں کی نہر ہے۔ جس مکان میں رہتا ہوں۔ عالم بیگ جان کے لڑکے کی طرف کا دروازہ گر گیا۔ مسجد کی طرف کے دالان کو جاتے ہوئے جو دروازہ تھا گر گیا، سیڑھیاں گرا چاہتی ہیں صبح کے بیٹھنے کا حجرہ جھک رہا ہے۔ چھتیں چھلنی ہو گئیں، مینہ گھڑی بھر برسے تو چھت گھنٹا بھر برسے۔

سوالات: (i) مندرجہ بالا اقتباس کے سبق اور مصنف کا نام لکھئے۔

(ii) درج بالا اقتباس کی سلیس اردو کیجئے۔

[4] سوال نمبر 10: مندرجہ ذیل مصنفین میں سے کسی ایک مصنف کی سوانح حیات لکھئے۔

(i) کرشن چندر (ii) رتن ناتھ سرشارؔ (iii) مرزا غالبؔ

[4] سوال نمبر 11 درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر مختصر تعارفی نوٹ لکھئے۔

(i) افسانہ (ii) مکتوب نگاری (iii) آپ بیتی

[2] سوال نمبر 12: مندرجہ ذیل اشعار میں سے کوئی ایک شعر کی تشریح شاعر کے نام کے ساتھ کیجئے۔

(i) خوب پہچانتے ہیں راہ کے کانٹے مجھ کو
کھینچتا ہے کوئی دامن کوئی لیتا ہے قدم

(ii) لائق دیدہ نظارا تھا
لاکھ نیزے تھے، سر ہمارا تھا

(iii) بارش ہوئی تو پھولوں کے تن چاک ہو گئے
موسم کے ہاتھ بھیگ کے سفاک ہو گئے



mpcareer.in

[5] سوال نمبر4: درج ذیل جملوں کے آگے صحیح اور غلط کا نشان لگائیں۔( ✓ ✗ )

(i) آخری مغل بادشاہ کا نام بہادر شاہ ظفر تھا۔ ( )

(ii) شاعر دلاسہ دینے کے لئے رقم ادا کر رہا ہے۔ ( )

(iii) "ٹھیس لگتی ہے تو ہو جاتی ہیں سانسیں پُرنم" ( )

(iv) شرافت اور عزت کا معیار تعلیم ہے۔ ( )

(v) مفلسی سب بہار کھوتی ہے۔ ( )

[5] سوال نمبر5: صحیح جوڑیاں بنائیں۔

| | (الف) | | (ب) |
|---|---|---|---|
| (i) | رشتہ دار، غیرت مند | (i) | واحد جمع |
| (ii) | خون کے آنسو رونا | (ii) | کہاوت |
| (iii) | آم کے آم گٹھلیوں کے دام | (iii) | بیت الغزل |
| (iv) | مسجد اور مساجد | (iv) | لاحقہ الفاظ |
| (v) | غزل کا سب سے اچھا شعر | (v) | محاورہ |

[2] سوال نمبر6: یوروپ میں بخشش کن لوگوں کو دی جاتی ہے؟

"یا"

رئیس کے مصاحبین میں کیا خوبیاں تھیں؟

[2] سوال نمبر7: جامن کے پیڑ کے نیچے دبے ہوئے شخص کا کیا انجام ہوا؟

"یا"

غالبؔ نے لاٹھی میں کیا چیزیں لٹکا کر سفر پر جانے کا ذکر کیا ہے؟

[4] سوال نمبر8: لالی کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟

"یا"

مصنف کے فٹ پاتھ پر گرنے کا واقعہ مختصراً لکھئے۔

[4] سوال نمبر9: مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔

(الف)



mpcareer.in

(د) شخصی اظہار کی شکل ہے:

(i) قصیدہ نگاری

(ii) افسانہ نگاری

(iii) مضمون نگاری

(iv) مکتوب نگاری

(ہ) ابراہیم یوسف ہارون ایوب کے تھے۔

(i) ماموں

(ii) بھائی

(iii) چچا

(iv) دوست

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات کے جواب ایک جملے میں دیجئے۔ [5]

(i) مصنف کا شخصی اور اصلی سال کب شروع ہوتا ہے؟

(ii) اختر الایمان کے والد کا کیا پیشہ تھا؟

(iii) بھوپال پہنچ کر مصنف نے بزرگ سے کس کا پتہ پوچھا؟

(iv) جگن پالش کر کے دن بھر میں کتنے روپے کما لیتا تھا؟

(v) برق کے کاندھے پہ صبا کیا کرآتی ہے؟

سوال نمبر3: مندرجہ ذیل جملوں میں خالی جگہہ کو صحیح الفاظ سے پُر کیجئے۔ [5]

(تہذیب الاخلاق۔سرمائے۔الہلال۔بابائے اردو۔کلکتہ)

(i) مولانا ابوالکلام آزاد نے۔۔۔۔۔۔اخبار جاری کیا۔

(ii) فورٹ ولیم کالج کی بنیاد۔۔۔۔۔۔میں رکھی گئی۔

(iii) سرسید احمد خاں نے رسالہ۔۔۔۔۔۔نکالا

(iv) مولوی عبدالحق کو۔۔۔۔۔۔کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

(v) بچہ۔۔۔۔۔۔کا نوالا ہے۔



mpcareer.in

| | | |
|---|---|---|
| कुल प्रश्नों की संख्या : 25<br>Total No. of Questions: 25 | हायर सेकेण्डरी, परीक्षा जून–2018<br>**005**<br>विषय : उर्दू (विशिष्ट)<br>Subject: URDU (Special) | कुल पृष्ठों की संख्या : 07<br>Total No. of Pages: 07 |
| समय : 03 घण्टे<br>Time: 03 Hours | ہائر سیکنڈری ۔ امتحان<br>اردو ۔ اسپیشل<br>درجہ ۔ بارہویں | पूर्णांक : 100<br>Maximum Marks: 100 |

ہدایات: (i) سبھی سوالات کے جواب لکھنا لازمی ہے۔

(ii) جوابات لکھتے وقت خوش خطی کا خاص خیال رکھیں۔

(iii) ''یا'' کر کے دیئے گئے سوالات میں سے کسی ایک سوال کا ہی جواب لکھیں۔

سوال نمبر 1: صحیح جواب چن کر لکھیں۔ [5]

(الف) جامن کا پیڑ گر پڑا:

(i) مٹی ہٹنے سے

(ii) ہوا کے جھکڑ سے

(iii) کاٹ دینے سے

(iv) بارش سے

(ب) افسانوں کا مجموعہ ''تماشہ گھر'' کے مصنف ہیں۔

(i) کرشن چندر

(ii) اقبال مجید

(iii) اختر الایمان

(iv) سعادت حسین منٹو

(ج) رتن ناتھ سرشار کا شاہ کار ہے:

(i) فسانہ آزاد

(ii) جام سرشار

(iii) سیر کہسار

(iv) کامنی

mpcareer.in